DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 08.09.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | روشن پاکستان اور بلوچستان کیلئے نئے راستے ہموار کرنا ہونگے، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سے زیادہ اہم، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | عید میلادالنبی ﷺ مسلمانوں کے لئے خوشیوں اور رحمتوں کا دن ہے، سلیم کھوسہ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | بروقت اقدامات نہ کئے سیلاب سے آبپاشی کا نظام درہم برہم ہوسکتا ہے، صادق عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | ہمیں ایک مضبوط اور پرامن پاکستان کیلئے کردار ادا کرنا ہے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پاکستانی فوج بہادر اور ملکی حفاظت کی صلاحیت رکھتی ہے، فیصل جمالی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | 1965 کی جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج بھارت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئی، راحیلہ درانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | ناخواندگی قومی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | لسبیلہ یونیورسٹی اوتھل میں طلبہ سرگرمیوں پر پابندی عائد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | زبردستی سڑکیں یا شاہراہیں بند کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، محکمہ داخلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | محمد طاہر کو آئی جی پولیس بلوچستان تعینات کردیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | کوئٹہ میں خواتین کیلئے مخصوص پہلی بس سروس جلد شروع ہوگی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | حکومت بلوچستان نے بیوروکریسی کے تقرر وتبادلوں کے احکامات جاری کردیئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | یوم دفاع مختلف علاقوں میں خصوصی تقاریر ریلیاں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | چینی بندرگاہ سے 21 جدید بسیں بلوچستان کیلئے روانہ ہوگئیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | آثار قدیمہ کی حفاظت اور تشہیر ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، ڈی سی ژکی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | مظلوم عوام کو متحد اوران کے آئینی حقوق کیلئے کوشاں ہیں، مولانا ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | آل پارٹیز کی کال پر آج صوبہ بھر میں پہیہ جام اور شٹرڈاؤن ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | آج کا شٹرڈاؤن وپہیہ جام منفی عزائم کیخلاف ریفرنڈم ہوگا، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | کارکن آج کے شٹرڈاؤن جام کو کامیاب بنائیں، پشتونخواہ نیشنل عوامی پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | پشتونخوامیپ کا اجلاس آج کی ہڑتال کامیاب بنانے کی حکمت عملی طے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 22 | حکومت صوبے کے مسائل سیاسی جماعتوں کیساتھ ملکر حل کرے، جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 23 | سیاسی کارکنوں کو نشانہ بنانا افسوسناک اور خطرناک عمل ہے، نواب ثناءاللہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

**امن وامان:**

ہزارہ ٹاؤن میں خاتون کے قتل کا ڈراپ سیب مقتول کی کزن اور اسکا شوہر قاتل نکلے، نوشکی تین ماہ پرانے قتل کا معمہ حل بیٹا اور دوست قاتل نکلا، کوئٹہ لیش دین کے تنازع پر فائرنگ، ثالث جاں بحق، چھ افراد زخمی، تربت کے علاقے سنگانی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، دالبندین کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی،

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

## عوامی مسائل:

| |
|---|
| کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کی قیمت 2300 روپے ہوگئی، وزیر اعلیٰ مجھے روزگار دینے کا وعدہ پورا کریں، حافظ افتاب حسین بگٹی۔ |

## اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجر کاری!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ہنہ کے پہاڑوں کو سرسبز وشاداب بنانے اور درخت لگانے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، اسٹنٹ کمشنر پولیٹکل کلیم اللہ سمیت محکمہ جنگلات اور محکمہ ماحولیات کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق ہنہ جھیل کے پہاڑوں پر درخت لگانے اور انہیں سرسبز وخوبصورت بنانے کے لیے پلان مرتب کیا جائے گا۔ اس موقع پر پانی کی دستیابی، زیرزمین پانی کی صورتحال، موسمی حالات اور موزوں درختوں کے انتخاب کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجر کاری کی گئی ہے جبکہ مستقبل میں کوئٹہ کے موسم کے مطابق درختوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے ایک جامع فزیبلٹی رپورٹ مرتب کی جائے گی۔ جس میں ان درختوں کی نشاندہی کی جائے گی جو مقامی ماحول میں نشوونما پاتے اور کم پانی میں زندہ رہ سکتے ہیں۔ اسی طرح سکولوں اور کالجوں میں بھی شجر کاری مہم کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کئے جائیں گے تا کہ معاشرے میں ماحول دوست رویوں کو فروغ دیا جاسکے۔

## اداریے :

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Focusing Skill wducation " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضمون:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان : سرداری نظام :مسائل کی اصل جڑ** " کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**ایف ایے او کی کوششیں اور بلوچستان کے مالداروں کا بدلتا شعور** " کے عنوان سے صدیق موسیانی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ جنگ اور مشرق کوئٹہ نے "**تعلیم اور ہنر سے روشن ہوگا ہر بچے کا کل** " کے عنوان سے منظور احمد مگسی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 08 SEP 2025 Page No. 1


## روشن پاکستان اور بلوچستان کیلئے نئے راستے ہموار کرنا ہونگے

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 پیر 14 ربیع الاول 1447ھ 8 ستمبر 2025ء نمبر 245

# انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سے زیادہ اہم، سرفراز بگٹی

## نیٹ کی بندش اور ریلیاں محدود کرنا درست ثابت ہوا

### دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر دھماکے میں ساٹھ سے زائد جانیں ضائع ہوئیں، اس تلخ تجربے کو سامنے رکھتے ہوئے سخت انتظامات کیے گئے تھے

### وزیر اعلیٰ کا دورہ بیکڑ، معززین اور عوام سے ملاقات، حکومت تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اقدامات کر رہی ہے، پھیلاوغ میں خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے افسوسناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر ہونے والے دھماکے میں ساٹھ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں عید میلاد النبیؐ کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز، اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ نے اپنے آبائی علاقے بیکڑ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور بیکڑ سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ وہ بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور علاقے کے ترقیاتی سفر کو مزید تیز کیا جائے گا۔ پھیلاوغ میں وزیر اعلیٰ نے آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور معزز عمائدین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

CLIPPING
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلق... حکومت بلو...
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | پیر 14 ربیع الاول 1447ھ 08 ستمبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 63
رجسٹرڈ BC-m-11 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے
Bullet No. 1
Page No. 3

# بلوچستان کے زرعی شعبے کو مستحکم بنا کر روزگار کے مواقع پیدا کریں گے، وزیر اعلیٰ

## چھپلاواغ علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگی

## بلوچستان امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے، عید میلاد النبی کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہوئے

## ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی بات چیت

کوئٹہ، چھپلاواغ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم چھپلاواغ کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور معزز عمائدین کی بڑی تعداد بھی موجود تھے سرک ڈیم چھپلاواغ کی تعمیر......

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ چھپن لاکھ روپے آئے گی۔ منصوبے کا آغاز تیئس مارچ دو ہزار پچیس کو کیا جائے گا اور یہ پانچ ستمبر دو ہزار پچیس کو مکمل ہوگا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ضروریات اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بنائیں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے اس سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق مل سکے اور صوبے کی محرومیاں دور ہوں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلا شبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے افسوسناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر ہونے والے دھماکے میں ساٹھ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں عید میلاد النبی (ص) کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز، اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔

# تعلیم روشن مستقبل کی ضمانت اور ہر انسان کا بنیادی حق ہے، سرفراز بگٹی

## معاشی خودمختاری، معاشرتی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی میں سب سے اہم کردار تعلیم کا ہے، حکومت نے بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کو اولین ترجیح دی

## آئندہ مالی سال میں 1 ہزار 200 نئے کمیونٹی اسکولز قائم کیے جائیں گے، ڈیڑھ لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیم تک رسائی ملے گی، ورلڈ لٹریسی ڈے پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی ضامن ہے، یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ لٹریسی ڈے کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیم محض نصاب اور کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشی خودمختاری، معاشرتی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں چیلنجز کے.........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

باوجود موجودہ حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 8 ہزار 500 نئے اساتذہ کو شفاف اور 99.99 فیصد میرٹ پر بھرتی کیا گیا، جس کے نتیجے میں 1 ہزار 200 سے زائد بند اسکول دوبارہ فعال ہوئے اور 90 ہزار سے زیادہ بچے زیور تعلیم سے آراستہ ہوئے۔ اسی عزم کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا گیا ہے جو پہلی بار سویلین شہداء کے اہل خانہ، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈرز کے لیے بھی تعلیمی مواقع فراہم کر رہا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت ہر ضلع سے میٹرک کے 10 طلبہ اور 10 طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کر رہی ہے، جبکہ سائنس کے فروغ کے لیے آکسفورڈ، ہارورڈ سمیت دنیا کی دو سو ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کے خواہشمند طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہیں۔ آنے والے مالی سال میں 1 ہزار 200 نئے کمیونٹی اسکولز قائم کیے جائیں گے، جس سے مزید ڈیڑھ لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیم تک رسائی ملے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ "ایجوکیشن ایمرجنسی" کے تحت صوبائی حکومت نے یہ عزم کیا ہے کہ صوبے کے ہر بچے تک معیاری تعلیم پہنچے اور شرح خواندگی میں نمایاں اضافہ ہو۔ ہمارا مقصد بلوچستان کو ایک ایسا خطہ بنانا ہے جہاں ہر بچہ قلم اور کتاب کے ذریعے اپنی تقدیر خود لکھ سکے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تعلیم کے فروغ کو ایک قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے حکومت کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں تاکہ تعلیم کے سفر میں کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی وہ سرمایہ ہے جو ہمیں ایک مضبوط، خوشحال اور روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔

# وزیر اعلیٰ کی آبائی علاقے میں قبائلی شخصیات سے ملاقاتیں

## نوجوانوں کو مثبت سرگرمیاں دلانے کیلئے خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، سرفراز بگٹی

## عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے تمام توانائیاں بروئے کار لائیں گے

بیکڑ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے بیکڑ کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی وزیر اعلیٰ......

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور بیکڑ سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں



بیکڑ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے مل رہے ہیں



چھپلاواغ، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی، وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور عمائدین کے ہمراہ سرک ڈیم کے افتتاح کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

CL
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS
نظامت اعلیٰ تعلقات
حکومت بلوچ
Bullet No. 1
Page No. 4

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ
انتخاب
کوئٹہ
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز پیر 8 ستمبر 2025ء بمطابق 14 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 245

# انٹرنیٹ کی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنے کا فیصلہ درست ثابت ہوا

میر سرفراز بگٹی

انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے، سخت اقدامات کے باعث 6 ستمبر اور جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا، وزیراعلیٰ

**نوجوان بلوچستان کا مستقبل ہیں، آبائی علاقے بگٹی کے دورے پر معززین بزرگوں اور عوام سے ملاقات، سرک ڈیم پیلاواغ کا باقاعدہ افتتاح، یوم دفاع پر تقریب میں شرکت**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا کیونکہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے افسوسناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے۔ دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر ہونے والے دھماکے میں ساٹھ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں عید میلاد النبی ﷺ کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے

بقیہ نمبر10 صفحہ5 پر

کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز، اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے بگٹی کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور حکومت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہرممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ وہ بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آبائی علاقے کے اہم منصوبے سرک ڈیم پیلاواغ کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور معزز عمائدین کی بڑی تعداد بھی موجود تھے سرک ڈیم پیلاواغ کی تعمیر مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ پچپن لاکھ روپے آئے گی۔ منصوبے کا آغاز تئیس مارچ دو ہزار پچیس کو کیا جائے گا اور یہ پانچ ستمبر دو ہزار چھبیس کو مکمل ہوگا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیرزمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔ یوم دفاع و شہداء کے موقع پر کوئٹہ گیریژن میں یادگار شہداء پر تقریب وزیراعلیٰ بلوچستان اور گورنر بلوچستان مہمان خصوصی تھے اس موقع پر کور کمانڈر بلوچستان بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے یادگار شہداء پر پھول چڑھائے اور شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی تقریب میں اعلیٰ سول و عسکری حکام، جوانوں اور شہداء کے لواحقین نے بھی شرکت کی تقریب میں شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، وزیراعلیٰ

**یہی وہ طاقت ہے جو قوم کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے، بیان**

کوئٹہ (ے ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ لٹریسی ڈے کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیم محض نصاب اور کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشی خودمختاری، معاشرتی

بقیہ نمبر17 صفحہ5 پر

ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں چیلنجز کے باوجود موجودہ حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 8 ہزار 500 نئے اساتذہ کو خالصتاً اور 99.99 فیصد میرٹ پر بھرتی کیا گیا، جس کے نتیجے میں 1 ہزار 200 سے زائد بند اسکول دوبارہ فعال ہوئے اور 90 ہزار سے زیادہ بچے زیور تعلیم سے آراستہ ہوئے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 264 | پیر، 14 ربیع الاول، 8 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# تعلیم قوموں کو ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے، وزیر اعلیٰ

## صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ ہر بچہ قلم و کتاب کے ذریعے اپنی تقدیر خود لکھ سکے، ورلڈ لٹریسی ڈے پر پیغام

## موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث 12 ربیع الاول پر صوبہ بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی (باقی صفحہ 5 نمبر 39)

راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ لٹریسی ڈے کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیم محض نصاب اور کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشی خودمختاری، معاشرتی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں چیلنجز کے باوجود موجودہ حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 8 ہزار 500 نئے اساتذہ کو شفاف اور 99.99 فیصد میرٹ پر بھرتی کیا گیا، جس کے نتیجے میں 1 ہزار 200 سے زائد بند اسکول دوبارہ فعال ہوئے اور 90 ہزار سے زیادہ بچے زیور تعلیم سے آراستہ ہوئے۔ اسی عزم کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا گیا ہے جو پہلی بار سویلین شہداء کے اہل خانہ، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر افراد کے لیے بھی تعلیمی مواقع فراہم کر رہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت ہر ضلع سے میٹرک کے 10 طلبہ اور 10 طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کر رہی ہے، جبکہ سائنس کے فروغ کے لیے آکسفورڈ، ہارورڈ سمیت دنیا کی دو سو ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کے خواہشمند طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہیں۔ آنے والے مالی سال میں 1 ہزار 200 نئے کمیونٹی اسکولز قائم کیے جائیں گے، جس سے مزید ڈیڑھ لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیم تک رسائی ملے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ "ایجوکیشن ایمرجنسی" کے تحت صوبائی حکومت نے یہ عزم کیا ہے کہ صوبے کے ہر بچے تک معیاری تعلیم پہنچے اور شرح خواندگی میں نمایاں اضافہ ہو۔ ہمارا مقصد بلوچستان کو ایک ایسا خطہ بنانا ہے جہاں ہر بچہ قلم اور کتاب کے ذریعے اپنی تقدیر خود لکھ سکے ورلڈ لٹریسی ڈے کے موقع پر وزیراعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تعلیم کے فروغ کو ایک قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے حکومت کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں تاکہ تعلیم کے سفر میں کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی وہ سرمایہ ہے جو ہمیں ایک مضبوط، خوشحال اور روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے افسوسناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر ہونے والے دھماکے میں ساٹھ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں عید میلاد النبی کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز، اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔

# وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے سرک ڈیم کا افتتاح کر دیا

## یہ ڈیم پانی کی مستقل فراہمی اور زرعی خوشحالی میں سنگ میل ثابت ہوگا

## نوجوانوں کو تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ کا خطاب

پیلاداغ، بیکڑ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم پیلاداغ کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور معزز عمائدین کی بڑی تعداد بھی موجود تھے سرک ڈیم پیلاداغ کی تعمیر مالی سال (باقی صفحہ 5 نمبر 45)

2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے۔ جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ چھپن لاکھ روپے آئے گی۔ منصوبے کا آغاز تئیس مارچ 2026 کو کیا جائے گا اور یہ پانچ ستمبر 2026 کو مکمل ہوگا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری کے لئے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ضروریات اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بنائیں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے بیکڑ کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور بیکڑ سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ وہ بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔



بیکڑ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے مل رہے ہیں



پیلاداغ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی اور عمائدین کے ہمراہ سرک ڈیم کے افتتاح کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | پیر 08 ستمبر 2025ء بمطابق 14 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔244

Bullet No. 1

Page No. 6

# انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سے زیادہ اہم ہے، بندش کا فیصلہ درست ثابت ہوا

سرفراز بگٹی

## نوجوان بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

## بلوچستان میں عید میلاد النبیؐ کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے

## سرک ڈیم پیلاواغ کی تعمیر مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ چھپن لاکھ روپے آئے گی

سیکو (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے سیکو کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

اور عوام سے ملاقات کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور سیکو سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ وہ بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور علاقے کے ترقیاتی سفر کو مزید تیز کیا جائے گا۔

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر2 پر)

ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے افسوسناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر ہونے والے دھماکے میں سانحہ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں عید میلادالنبیؐ کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز، اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔

پیلاواغ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم پیلاواغ کا باقاعدہ افتتاح کیا (بقیہ نمبر3 صفحہ نمبر2 پر)

اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور معززین علاقہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھے سرک ڈیم پیلاواغ کی تعمیر مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ چھپن لاکھ روپے آئے گی۔ منصوبے کا آغاز تیس مارچ دو ہزار پچیس کو کیا جائے گا اور یہ جون تیس دو ہزار چھبیس کو مکمل ہوگا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیرزمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ضروریات اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بنائیں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے اس سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق مل سکے اور صوبے کی محرومیاں دور ہوں۔

روزنامہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | پیر 08 ستمبر 2025ء بمطابق 14 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 244




بیکڑ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے مل رہے ہیں

# بلوچستان میں امن کا سورج طلوع ہو رہا ہے، وزیر اعلیٰ

## عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کیلئے تمام توانائیاں بروئے کار لائیں گے

میر سرفراز بگٹی کا آبائی علاقے بیکڑ کا دورہ، حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی، عوامی مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

بیکڑ سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، حکومت نوجوانوں کی تعلیم روزگار اور مثبت سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

بیکڑ (خ ن+مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن کا سورج طلوع ہو رہا ہے، صوبے کے عوام کا تعاون قابل تحسین ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ عید میلاد النبی کے پرامن اجتماعات نے دنیا کو مثبت پیغام دیا کہ بلوچستان امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے، عید میلاد النبی کی مناسبت سے پروگرام صوبے بھر میں خیر و عافیت اور پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ علمائے کرام کے تعاون اور عوام کی ذمہ داری کا مظاہرہ لائق تحسین ہے، محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز، ایف سی اور قانون نافذ کرنے والے ادارے شاندار کارکردگی کے مستحق ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور دانشمندانہ فیصلہ تھا، انٹرنیٹ انسانی جانوں سے زیادہ اہم نہیں، عوامی جان و مال کا تحفظ پہلی ترجیح ہے، موثر اقدامات کی بدولت صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا، دو سال قبل ایک جلسے میں دھماکے سے 60 سے زائد افراد شہید ہوئے تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے سے سبق سیکھتے ہوئے حکومت نے امسال سخت اور موثر اقدامات کیے، نوجوانوں اور شہریوں کی بھرپور شرکت نے اتحاد اور یکجہتی کو اجاگر کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے بیکڑ کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور بیکڑ سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ وہ بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور علاقے کے ترقیاتی سفر کو مزید تیز کیا جائے گا۔

## انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا درست فیصلہ ثابت ہوا، وزیر اعلیٰ

تمام پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا، انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے [illegible]

[illegible]

## وزیر اعلیٰ نے سرک ڈیم پہلاواغ کا افتتاح کر دیا

صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی، میر سرفراز بگٹی

پہلاواغ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم پہلاواغ کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور معززین علاقہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھی سرک ڈیم پہلاواغ کی تعمیر مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے جس پر کل لاگت تیس کروڑ پچپن لاکھ روپے آئے گی۔ منصوبے کا آغاز تیس مارچ دو ہزار پچیس کو کیا جائے گا اور یہ پانچ ستمبر دو ہزار پچیس کو مکمل ہوگا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ضروریات اور مشکلات کو مد نظر رکھتے ہوئے حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بنائیں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے اس سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق مل سکے اور صوبے کی محرومیاں دور ہوں۔



پہلاواغ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور دیگر سرک ڈیم کے افتتاح کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

C
DIRECTORAT
GENERAL OF PU
RELATIONS BALOC
نظامت
حکو
Bullet No. 1
Page No. 8

روزنامہ میزان کوئٹہ
جلد 77 | 08 ستمبر 2025ء، 14 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 07

## تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، میر سرفراز بگٹی

**یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا پیغام**

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان کا (بقیہ 13 صفحہ 2 پر)

بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے۔ یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ لٹریسی ڈے کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیم محض نصاب اور کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشی خودمختاری، معاشرتی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں چیلنجز کے باوجود موجودہ حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 8 ہزار 500 نئے اساتذہ کو شفاف اور 99.99 فیصد میرٹ پر بھرتی کیا گیا، جس کے نتیجے میں 1 ہزار 200 سے زائد بند اسکول دوبارہ فعال ہوئے اور 90 ہزار سے زیادہ بچے زیور تعلیم سے آراستہ ہوئے۔ اسی عزم کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا گیا ہے جو پہلی بار سویلین شہداء کے اہل خانہ، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر افراد کے لیے بھی تعلیمی مواقع فراہم کر رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت ہر ضلع سے میٹرک کے 10 طلبہ اور 10 طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کر رہی ہے، جبکہ سائنس کے فروغ کے لیے آکسفورڈ، ہارورڈ سمیت دنیا کی دو سو ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کے خواہشمند طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہیں۔ آنے والے مالی سال میں 1 ہزار 200 نئے کمیونٹی اسکولز قائم کیے جائیں گے، جس سے مزید ایک لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیم تک رسائی ملے گی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ "ایجوکیشن ایمرجنسی" کے تحت صوبائی حکومت نے یہ عزم کیا ہے کہ صوبے کے ہر بچے تک معیاری تعلیم پہنچے اور شرح خواندگی میں نمایاں اضافہ ہو۔ ہمارا مقصد بلوچستان کو ایک ایسا خطہ بنانا ہے جہاں ہر بچہ قلم اور کتاب کے ذریعے اپنی تقدیر خود لکھ سکے۔ ورلڈ لٹریسی ڈے کے موقع پر وزیر اعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تعلیم کے فروغ کو ایک قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے حکومت کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں تاکہ تعلیم کے سفر میں کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی وہ سرمایہ ہے جو ہمیں ایک مضبوط، خوشحال اور روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔

# نوجوان بلوچستان کا مستقبل ہیں، میر سرفراز بگٹی

**اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان**

**وزیر اعلیٰ بلوچستان کا بیکڑ کا دورہ، معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات، ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی**

بیکڑ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے بیکڑ کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی۔ اہم عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل (بقیہ 3 صفحہ 2 پر)

ہیں اور بیکڑ سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ وہ بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور علاقے کے ترقیاتی سفر کو مزید تیز کیا جائے گا۔



بیکڑ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے مل رہے ہیں۔

DIRECTORA[...]
GENERAL OF [...]
RELATIONS BAL[...]

نظامت اعل[...]
حکوم[...]

Bullet No. 1

Page No. 9

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| شمارہ 200 | MEMBER OF APNS / رجسٹرڈ ایل سی بی-10 | قیمت 10 روپے | FaX:2839867 / 1447ھ | Ph :2839851 / 14 ربیع الاول / 8 ستمبر 2025ء | جلد 28 |
|---|---|---|---|---|---|

# بلوچستان امن اور ترقی کی راہ پر گامزن، محرومیاں دور کریں گے، سرفراز بگٹی

**انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا، ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے، اس سال 12 ربیع الاول پر صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا**

**بیکو کا دورہ، حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات، آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم پیلاوغ کا باقاعدہ افتتاح، حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے، وزیراعلی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے افسوسناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے دو سال پہلے ربیع الاول کے دن پر ہونے والے دھماکے میں ساٹھ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا وزیراعلی نے کہا کہ بلوچستان میں عید میلاد النبی ﷺ کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا وزیراعلی میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز، اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔

بیکو (خ ن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے بیکو کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی وزیراعلی میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور بیکو سمیت پورے حلقے کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلی بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ وہ بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور علاقے کے ترقیاتی سفر کو مزید تیز کیا جائے گا۔ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم پیلاوغ کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزرا، اراکین صوبائی اسمبلی اور معززین عمائدین کی بڑی تعداد بھی موجود تھے سرک ڈیم پیلاوغ کی تعمیر مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ چھپن لاکھ روپے آئے گی۔ منصوبے کا آغاز تیئس مارچ دو ہزار پچیس کو کیا جائے گا اور یہ پانچ ستمبر دو ہزار چھبیس کو مکمل ہوگا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ضروریات اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بنائیں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے وزیراعلی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے اس سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق مل سکے اور صوبے کی محرومیاں دور ہوں۔



بیکو، وزیراعلی میر سرفراز بگٹی حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے مل رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

بلوچستان کوئٹہ

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Dated: MEEZAN QUETTA Page No. 10

# تعلیم یافتہ بلوچستان ہماری اجتماعی کوششوں کے ذریعے حقیقت کا منتظر ہے

گورنر، وزیراعلیٰ

خواندگی کا پیمانہ بھی آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور روبوٹک ٹیکنالوجی کی آمد سے بدل چکا ہے، اب آرٹیفیشل لٹریسی ہی تعلیم یافتہ اور ریلیونٹ ہونے کا تعین کرتی ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (پ ر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عالمی یوم خواندگی کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں کہا کہ خواندگی کا پیمانہ بھی آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور روبوٹک ٹیکنالوجی کی آمد سے بدل چکا ہے۔ اب آرٹیفیشل لٹریسی ہی تعلیم یافتہ اور ریلیونٹ ہونے کا تعین کرتی ہے۔ خواندگی کا عالمی دن ہمارے اندر ایک احساس پیدا کرتا ہے اور ایک روشن کل کی طرف راستہ روشن کرتا ہے۔ یہ ہمیں حوصلے کے ساتھ آگے بڑھنے، جہالت کی زنجیروں کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے اور علم کی روشنی کی طاقت کو گلے لگانے کا سبق دیتا ہے۔ ہم اپنے اجتماعی عزم، علم اور شعور کی روشنی کی جانب بڑھ سکتے ہیں۔ ہمیں جہالت کے اندھیروں سے آگے نکلنا ہوگا، ایک ایسے مستقبل کی تشکیل کرنا ہوگا جہاں ہر ذہن بااختیار ہو۔ یہ ایک عمل ہمیں ایک جامع قومی تعلیمی پالیسی تیار کرنے کی دعوت دیتا ہے، جو ہماری عظیم قوم کو علم کی افادیت، معقول دلائل اور سائنسی حقائق کی بنیاد پر پابند کرتا ہے۔ بلوچستان میں غربت اور مہنگائی تعلیم کے حصول کی راہ میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ معصوم بچوں کے ذہن درحقیقت تلاش اور تجسس سے بھرے ہوتے ہیں لیکن ہمارے ہاں محنت و مشقت کرنے پر مجبور ہوتے ہیں، ان کے سیکھنے کے خواب وجود کی تلخ حقیقتوں سے بجھ جاتے ہیں۔ پھر بھی ہم ہمت کرتے ہیں کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ ایک ترقی یافتہ اور تعلیم یافتہ بلوچستان کا خواب ہماری اجتماعی کوششوں کے ذریعے حقیقت کا منتظر ہے۔ بلوچستان کے لاکھوں بچے جن کی عمریں پانچ سے پندرہ سال کے درمیان ہیں، اسکولوں سے باہر ہیں اور علم کی روشنی سے محروم ہیں۔ پڑھے لکھے بلوچستان کا خواب بین الاقوامی اداروں کی غیر متزلزل حمایت اور معاونت کے بغیر پورا نہیں کر سکتے۔

## تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، چیلنجز کے باوجود موجودہ حکومت نے اپنی اولین ترجیح بنایا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ لٹریسی ڈے کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیم محض نصاب اور کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشی خوشحالی، معاشرتی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں چیلنجز کے باوجود موجودہ حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 8 ہزار 500 نئے اساتذہ کو شفاف اور 99.99 فیصد میرٹ پر بھرتی کیا گیا، جس کے نتیجے میں 1 ہزار 200 سے زائد بند اسکول دوبارہ فعال ہوئے اور 90 ہزار سے زیادہ بچے زیور تعلیم سے آراستہ ہوئے۔ اسی عزم کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا گیا ہے جو پہلی بار سویلین شہداء کے اہل خانہ، اقلیتوں اور خصوصی افراد کے لیے بھی تعلیمی مواقع فراہم کر رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت ہر ضلع سے میٹرک کے 10 طلبہ اور 10 طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کر رہی ہے، جبکہ سائنس کے فروغ کے لیے آکسفورڈ، ہارورڈ سمیت دنیا کی دس ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کے خواہشمند طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہیں۔ آنے والے مالی سال میں 1 ہزار 200 نئے کیمونٹی اسکولز قائم کیے جائیں گے، جس سے مزید ایک لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیم تک رسائی ملے گی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ "ایجوکیشن ایمرجنسی" کے تحت صوبائی حکومت نے یہ عزم کیا ہے کہ صوبے کے ہر بچے تک معیاری تعلیم پہنچے اور شرح خواندگی میں نمایاں اضافہ ہو۔ ہمارا مقصد بلوچستان کو ایک ایسا خطہ بنانا ہے جہاں ہر بچہ قلم اور کتاب کے ذریعے اپنی تقدیر خود لکھ سکے۔ ورلڈ لٹریسی ڈے کے موقع پر وزیراعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تعلیم کے فروغ کو ایک قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے حکومت کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں تاکہ تعلیم کے سفر میں کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی وہ سرمایہ ہے جو ہمیں ایک مضبوط، خوشحال اور روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔

CLIP

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ

Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
جلد 21 | سوموار 08 ستمبر 2025ء، 14 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ 147

Bullet No. ١

Page No. 11

# وام کے اعتماد پر پورا اترنے کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے

وزیراعلیٰ بلوچستان

چستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور علاقے کے ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا

بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے المناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے

بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے آبائی علاقے بیکڑ کا دورہ کیا اور اس موقع پر اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے ملاقات کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بزرگوں سے ملاقات کے دوران ان کی دعائیں اور رہنمائی حاصل کی جبکہ عوامی مسائل، مقامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور حکومت پورے حلقے کی خوشحالی کے بقیہ 1 صفحہ 6 پر

لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں سے گفتگو میں کہا کہ نوجوان بلوچستان کا مستقبل ہیں، اس لیے حکومت ان کے لیے تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور علاقے کے ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے المناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر ہونے والے دھماکے میں ساٹھ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم موثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں عید میلاد النبی ﷺ کے تمام جلوس اور پروگرام پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہوا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ، پولیس، لیویز اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے [illegible] اہم منصوبے سرک ڈیم پیلاواغ کا باقاعدہ افتتاح [illegible] صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور [illegible] کی بڑی تعداد بھی موجود تھے سرک ڈیم پیلاواغ کی تعمیر [illegible] 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت مکمل [illegible] جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ چھپن لاکھ روپے [illegible] منصوبے کا آغاز چھبیس مارچ دو ہزار چوبیس کو کیا گیا تھا اور یہ پانچ ستمبر دو ہزار پچیس کو مکمل ہوا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ضروریات اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بنائیں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے اس سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق مل سکے اور صوبہ حقیقی معنوں میں خوشحال ہو۔

## تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

### یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ لٹریسی ڈے کی مناسبت سے اپنے پیغام بقیہ 21 صفحہ 6 پر

میں کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیم محض نصاب اور کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشی خودمختاری، معاشرتی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں چیلنجز کے باوجود موجودہ حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 8 ہزار 500 سے اساتذہ کو شفاف اور 99.99 فیصد میرٹ پر بھرتی کیا گیا، جس کے نتیجے میں 1 ہزار 200 سے زائد بند اسکول دوبارہ فعال ہوئے اور 90 ہزار سے زیادہ بچے زیورِ تعلیم سے آراستہ ہوئے۔ اسی عزم کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا گیا ہے جو پولیس اور سویلین شہداء کے اہلِ خانہ، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر افراد کے لیے بھی تعلیمی مواقع فراہم کرتا ہے۔



بیکڑ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے مل رہے ہیں



پیلاواغ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور عمائدین کے ہمراہ سرک ڈیم کے افتتاح کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | پیر 8 ستمبر 2025، 14 ربیع الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 245

# زرعی شعبہ کو مستحکم بنانے کیلئے کئی منصوبے شروع کئے جا رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

## صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے اس سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی تا کہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق مل سکے اور صوبے کی محرومیاں دور ہوں

## انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے، میر سرفراز بگٹی

پیلاداغ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آبی ذخائر کے اہم منصوبے سرک ڈیم پیلاداغ کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور معزز عمائدین کی بڑی تعداد بھی موجود تھے سرک ڈیم پیلاداغ کی تعمیر مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی پروگرام کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے جس پر کل لاگت ستائیس کروڑ چھپن لاکھ روپے آئے گی۔ منصوبے کا آغاز تیئس مارچ دو ہزار پچیس کو کیا جائے گا اور یہ پانچ ستمبر دو ہزار چھبیس کو مکمل ہوگا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ یہ ڈیم علاقے میں پانی کی مستقل فراہمی، زرعی خوشحالی اور زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ضروریات اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ایسے منصوبے شروع کر رہی ہے جو نہ صرف زرعی شعبے کو مستحکم بنائیں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ترقی اور خوشحالی کے اس سفر کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے گی تا کہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق مل سکے اور صوبے کی محرومیاں دور ہوں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی وقتی بندش اور ریلیوں کو محدود کرنا بروقت اور درست فیصلہ ثابت ہوا بلاشبہ انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سروس سے زیادہ اہم ہے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دو سال قبل مستونگ میں پیش آنے والے افسوسناک سانحے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کیے گئے دو سال پہلے ربیع الاول کے جلوس پر ہونے والے دھماکے میں ساٹھ سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، تاہم مؤثر پلاننگ اور سخت اقدامات کے باعث اس سال صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں میلاد النبیؐ کے تمام جلوس اور پروگرام پر امن طریقے سے اختتام پذیر ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے علمائے کرام اور عوام کے تعاون کے ساتھ ساتھ تمام سیکیورٹی اداروں کی شاندار کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ پولیس، لیویز، اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز و ایس ایس پیز کو ان کی بہترین خدمات پر شاباش بھی دی۔ مزید وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی کنجی ہے، یہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ لٹریسی ڈے کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیم محض نصاب اور کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشی خودمختاری، معاشرتی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں چیلنجز کے باوجود موجودہ حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 8 ہزار 500 نئے اساتذہ کو شفاف اور 99.99 فیصد میرٹ پر بھرتی کیا گیا، جس کے نتیجے میں 1 ہزار 200 سے زائد بند اسکول دوبارہ فعال ہوئے اور 90 ہزار سے زیادہ بچے زیور تعلیم سے آراستہ ہوئے۔ اسی عزم کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا گیا ہے جو پہلی بار سویلین شہداء کے اہل خانہ، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر افراد کے لیے بھی تعلیمی مواقع فراہم کر رہا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت ہر ضلع سے میٹرک کے 10 طلبہ اور 10 طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کر رہی ہے، جبکہ سائنس کے فروغ کے لیے آکسفورڈ، ہارورڈ سمیت دنیا کی دوسو ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کے خواہشمند طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہیں۔ آنے والے مالی سال میں 1 ہزار 200 نئے کمیونٹی اسکولز قائم کیے جائیں گے، جس سے مزید ڈیڑھ لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیم تک رسائی ملے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ "ایجوکیشن ایمرجنسی" کے تحت صوبائی حکومت نے یہ عزم کیا ہے کہ صوبے کے ہر بچے تک معیاری تعلیم پہنچے اور شرح خواندگی میں نمایاں اضافہ ہو۔ ہمارا مقصد بلوچستان کو ایک ایسا خطہ بنانا ہے جہاں ہر بچہ قلم اور کتاب کے ذریعے اپنی تقدیر خود لکھ سکے ورلڈ لٹریسی ڈے کے موقع پر وزیر اعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تعلیم کے فروغ کو ایک قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے حکومت کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں تا کہ تعلیم کے سفر میں کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی وہ سرمایہ ہے جو ہمیں ایک مضبوط، خوشحال اور روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔



بیکو، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے حلقے کے معززین، بزرگوں اور عوام سے مل رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1212 QUETTA Monday September 08, 2025 / Rabi ul Awal 14, 1447

# Bugti highlights education initiatives on World Literacy Day; inaugurates Sark Dam Project

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said that education is the fundamental right of every human being and the key to a bright future, as it is the power that leads nations on the path of development and stability. He expressed these views in his message on the occasion of World Literacy Day.

The Chief Minister said that this day reminds us that education is not limited to just curriculum and books but is the biggest guarantee of economic independence, social harmony, and sustainable development. He said that Balochistan is the largest province of Pakistan in terms of area, where despite the challenges, the current government has made education its top priority. He said that in the last one year, 8,500 new teachers were recruited transparently and on 99.99 percent merit, as a result of which more than 1,200 closed schools were reactivated and more than 90,000 children were adorned with the jewel of education.

Under this commitment, the Benazir Bhutto Scholarship Program has been introduced, which is also providing educational opportunities for the families of civilian martyrs, minorities, and transgender people for the first time. The Chief Minister said that under this program, the Balochistan government is bearing the sixteen-year educational expenses of 10 matriculation students and 10 female students from each district, while scholarships are being provided to PhD aspiring students in two hundred prominent universities of the world, including Oxford and Harvard, for the promotion of science. He announced that 1,200 new community schools will be established in the coming financial year, which will provide access to education to more than 150,000 more children.

Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that under the "Education Emergency," the provincial government has resolved that every child in the province should receive quality education and the literacy rate should increase significantly. He said their goal is to make Balochistan a region where every child can write their own destiny through pen and book. On the occasion of World Literacy Day, the Chief Minister appealed to the people to consider the promotion of education as a national responsibility and walk hand in hand with the government so that no child is left behind in the journey of education. Chief Minister Mir Sarfaraz Ahmed Bugti formally inaugurated the important water reservoir project Sark Dam Pehlawagh. A large number of provincial ministers, members of the provincial assembly, and respected elders were also present on the occasion. The construction of Sark Dam Pehlawagh is being implemented under the development program of the financial year 2024-25, at a total cost of Rs. 275.6 million. The project will be launched on March 23, 2025, and will be completed on September 5, 2025.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 08 SEP 2025 Page No. 3

## عید میلاد النبی ﷺ مسلمانوں کے لیے خوشیوں اور رحمتوں کا دن ہے، سلیم کھوسہ

**نبی آخرالزماں ﷺ کی ولادت باسعادت کی خوشیاں منانا ایمان کی تازگی اور عقیدت و محبت کا عملی اظہار ہے**

ماجھی پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ مسلمانوں کے لیے خوشیوں اور رحمتوں کا سب سے بڑا دن ہے۔ نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت کی خوشیاں منانا ایمان کی تازگی اور عقیدت و محبت کا عملی اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے اور آج کے دور میں درپیش تمام مسائل کا حل قرآن و سنت پر عمل کرنے میں ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ جشن میلاد النبی ﷺ کی محافل امت مسلمہ کے اتحاد، بھائی چارے اور محبت کا پیغام ہیں۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مزید کہا کہ ملک بھر کی طرح صحبت پور میں بھی عید میلاد النبی ﷺ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ گلیوں، محلوں اور مساجد کو چراغاں کرکے سرکار دو عالم ﷺ سے والہانہ محبت کا ثبوت دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ نبی کریم ﷺ کی سیرت کو اپنا کر امن، بھائی چارہ اور اخوت کو فروغ دیں اور اپنی زندگیوں کو اسوہ حسنہ ﷺ کے مطابق ڈھالیں۔

MASHRIQ QUETTA

## بروقت اقدامات نہ کئے گئے تو سیلاب سے آبپاشی کا نظام درہم برہم ہوسکتا ہے، صادق عمرانی

**ربیع کینال کی پشت کو مضبوط کرنے کے لیے فوری ایک مضبوط بند تعمیر کیا جائے، صوبائی وزیر اریگیشن کی حکام کو ہدایت**

**تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ ممکنہ نقصان سے بچا جا سکے، سیکرٹری اریگیشن کے ہمراہ کینال کا معائنہ، گفتگو**

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے صوبائی سیکرٹری آبپاشی صالح محمد ناصر کے ہمراہ ربیع کینال کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ، چیف انجینئر کینالز ناصر مجید، ایس ای اریگیشن غلام سرور ہنگورجی، پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال عمرانی، ایکسین پٹ فیڈر کینال فرید احمد پندرانی سمیت دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران معلوم ہوا کہ کینال کے بیرونی علاقوں سے آنے والے سیلابی پانی نے نہ صرف ربیع کینال کی پشت کو کمزور کر دیا ہے بلکہ اس پانی کی وجہ سے مقامی ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

آبادی کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس سے نہ صرف قریبی دیہات متاثر ہو سکتے ہیں بلکہ زرعی آبپاشی کا نظام بھی درہم برہم ہو سکتا ہے صوبائی سیکرٹری آبپاشی صالح محمد ناصر نے موقع پر موجود چیف انجینئر کینالز ناصر مجید اور ایس ای غلام سرور ہنگورجی کو فوری طور پر ہدایات جاری کیں کہ ربیع کینال کی پشت کو مضبوط کرنے کے لیے فوری ایک مضبوط بند تعمیر کیا جائے تاکہ نہ صرف کینال کے انفراسٹرکچر کو تحفظ ملے بلکہ عوام کی جان و مال کو بھی بچایا جا سکے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کام کی رفتار تیز کی جائے اور تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ ممکنہ نقصان سے بچا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوام کے مسائل سے آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں

## ہمیں ایک مضبوط اور پرامن پاکستان کیلئے کردار ادا کرنا ہے، بخت محمد کاکڑ

**یوم دفاع ہمیں یکجہتی، اتحاد اور بہادری کے عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے**

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ دن ہے جب پوری قوم نے یکجہتی، اتحاد اور بہادری کی مثال قائم کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

یا یہ دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں وقف کریں گے انہوں نے کہا کہ شہداء نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن عزیز کی حفاظت کی، قوم ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ آج کے دن ہمیں نہ صرف اپنی مسلح افواج کی عظیم قربانیوں کو یاد کرنا ہے بلکہ ایک مضبوط اور پرامن پاکستان کے لیے اپنے کردار کو بھی پہچاننا ہے وزیر صحت بلوچستان نے کہا کہ صحت کے شعبے میں خدمات انجام دینے والے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف بھی ہر دور میں فرنٹ لائن پر رہے ہیں اور ملک کی خدمت کر رہے ہیں ہم سب کو مل کر شہداء کی قربانیوں کے مطابق وطن عزیز کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔

## پاکستانی فوج بہادر اور ملکی حفاظت کی صلاحیت رکھتی ہے، فیصل جمالی

**صوبائی وزیر کی ہدایت پر گوٹھ رستم خان جمالی سے یوم دفاع کے حوالے سے ریلی برآمد**

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان کی فوج بہادر اور نڈر ملکی حفاظت کی صلاحیت رکھتی ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ ہے میر فیصل خان جمالی' تفصیلات کے مطابق 6 ستمبر یوم دفاع کے سلسلے میں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردار زادہ فیصل خان......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

جمالی کے حکم پر گوٹھ سردار رستم خان جمالی سے فوکل پرسن محمد بچل سومرو کی نگرانی میں ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے محمد بچل سومرو پیپلز یوتھ آرگنائزیشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری شان ثاقب ابڑو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی ریلی وطن عزیز کے دفاع کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے سلسلے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کے حکم پر نکالی گئی ہے انہوں نے کہا کہ ملک کی خاطر افواج پاکستان کی لازوال قربانیاں ہیں جنہیں ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں 6 ستمبر 1965 ہماری تاریخ کا سنہرا دن ہے ہم اپنی افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 08 SEP 2025 Page No. 14


## 1965 کی جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج بھارت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئیں


INTEKHAB QUETTA


## ناخواندگی قومی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 08 SEP 2025 Page No. 15

## زبردستی سڑکیں یا شاہراہیں بند کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، محکمہ داخلہ

### عوام کی سہولیات میں رکاوٹ ڈالنے والے قانون کے تحت جرم کے مرتکب ہوں گے، پریس نوٹ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ بلوچستان نے کہا ہے کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی اور جمہوری حق ہے تاہم کسی کو بھی زبردستی سڑکیں یا شاہراہیں بند کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی شہریوں کی آزادی نقل و حرکت اور معمولات زندگی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرنے والوں کے خلاف سخت اور فوری کارروائی کی جائے گی محکمہ داخلہ نے واضح کیا ہے کہ قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور زور زبردستی یا تشدد کے ذریعے شہریوں کو مشکلات میں ڈالنے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے والے بلاامتیاز سخت کارروائی کا سامنا کریں گے جبکہ عوام کی سہولیات میں رکاوٹ ڈالنے والے قانون کے تحت جرم کے مرتکب ہوں گے پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی فیڈرل پراجیکٹ کو متاثر کرنے کی کوشش پر بھی سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ایئرپورٹس، ریلوے اسٹیشن، بجلی گھر اور تمام وفاقی و صوبائی منصوبوں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہو محکمہ داخلہ نے کہا کہ ہسپتال، عوامی ٹرانسپورٹ، فیول اسٹیشنز اور مارکیٹس ہر صورت فعال رہیں گی تعلیمی ادارے اور صحت کے مراکز کی بندش کسی طور برداشت نہیں کی جائے گی تمام ڈاکٹروں اور عملے کی حاضری یقینی بنانے، ایمبولینسز کو الرٹ رکھنے اور ادویات کی دستیابی کے احکامات بھی جاری کر دیے گئے ہیں محکمہ داخلہ نے کہا کہ امن عامہ کو نقصان پہنچانے والے ملک دشمنی کے مرتکب تصور ہوں گے اور ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا محکمہ داخلہ بلوچستان نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پرامن رہیں اور ایسے عناصر سے دور رہیں جو امن و امان کو خراب کرنے کی کوشش کریں۔

## لسبیلہ یونیورسٹی اوتھل میں سیاسی سرگرمیوں پر پابندی عائد

بیلہ (نامہ نگار) لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز اوتھل کے رجسٹرار آفس سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق یونیورسٹی کی حدود میں تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی قسم کی سرگرمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی تصور ہوگی اور اس میں ملوث طلبہ کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس میں معطلی یا یونیورسٹی سے بے دخلی بھی شامل ہو سکتی ہے نوٹیفکیشن میں طلبہ کو ضابطہ اخلاق کی پابندی کی سختی سے ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ادارہ کسی بھی ایسی حرکت کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی رکھتا ہے جو تعلیمی ماحول یا ڈسپلن کو متاثر کرے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں خواتین کیلئے مخصوص پہلی بس سروس جلد شروع ہوگی

### چین سے 21 بسیں روانہ ہو گئیں ہیں، یونیورسٹی سے سریاب مل تک چلیں گی

### مستقبل میں نئی بسوں کے اضافے کے بعد کچلاک تک وسعت دی جائیگی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں خواتین کیلئے پہلی مخصوص بس سروس جلد شروع ہوگی، چین سے 21 جدید بسیں روانہ ہو گئیں بلوچستان ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے مطابق چین کی ایک بندرگاہ سے کل 21 جدید بسیں روانہ کی گئی ہیں جن میں سے پانچ گلابی بسیں خواتین مسافروں کے لیے مخصوص ہیں جبکہ 16 سبز بسیں عام عوام کے لیے ہیں۔ یہ بسیں اس ......

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ماہ کے آخر تک صوبائی دارالحکومت پہنچنے کی توقع ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے سیکرٹری حیات کاکڑ نے بلوچستان ہائی کورٹ کو بتایا کہ یہ سروس یونیورسٹی سے سریاب مل تک اہم راستوں پر چلے گی اور نئی بسوں کے اضافے کے ساتھ اسے کچلاک تک وسعت دی جائے گی۔ گوادر پرو کے مطابق یہ آغاز کوئٹہ کے رہائشیوں کے لیے سستی اور قابل اعتماد سفری سہولت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ گلابی بسیں خواتین کے لیے سفر کو محفوظ اور آسان بنانے کے لیے مخصوص کی گئی ہیں کیونکہ خواتین کو محدود اور اکثر غیر محفوظ سفری مواقع کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

## حکومت بلوچستان نے بیوروکریسی کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے بیوروکریسی کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان کا تبادلہ کر کے ڈپٹی کمشنر زیارت جبکہ ان کے پیش رو ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کو ایس اینڈ جی اے ڈی میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ منور حسن کا تبادلہ کر کے ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ تعینات کر دیا گیا ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد عارف کاکڑ کو ایس اینڈ جی اے ڈی میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

## محمد طاہر کو آئی جی پولیس بلوچستان تعینات کر دیا گیا

### ایڈیشنل آئی جی پولیس خیبرپختونخوا کے فرائض سرانجام دے رہے تھے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پولیس سروسز کے گریڈ 21 کے محمد طاہر کو آئی جی پولیس بلوچستان تعینات کر دیا گیا۔ تفصیلات ......

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کے مطابق بلوچستان کے انسپکٹر جنرل پولیس کا عہدہ 4 اگست سے سابق آئی جی معظم جاہ انصاری کی ریٹائرمنٹ کے بعد سے خالی تھا جس کے بعد وفاقی حکومت نے 33 روز بعد گریڈ 21 کے محمد طاہر کو آئی جی پولیس بلوچستان تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے محمد طاہر اس سے قبل ایڈیشنل آئی جی پولیس خیبرپختونخوا کے طور پر فرائض سرانجام دے رہے تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 SEP 2025 Page No. 16

# یوم دفاع مختلف علاقوں میں خصوصی تقاریر ریلیاں

## کوئٹہ، حب، گڈانی، پنجگور، ڈیرہ بگٹی، کوہلو، جعفرآباد و دیگر چھوٹے بڑے شہروں میں منعقدہ تقاریب میں بڑی تعداد میں لوگوں کی شرکت

## 6 ستمبر ہماری تاریخ کا سنہری دن ہے جو قومی یکجہتی، حب الوطنی اور قربانی کی یاد دلاتا ہے، مقررین کا شرکاء سے خطاب

کوئٹہ/حب/گڈانی/پنجگور/ڈیرہ بگٹی/کوہلو/جعفرآباد/قلات (انتخاب نیوز + نمائندگان انتخاب + نامہ نگاران + خ ن) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ڈپٹی کمشنر کمپلیکس کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں شہداء کی قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ملکی سلامتی، استحکام و ترقی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ تقریب

بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک سمیت ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران اور اہلکاران نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کے افسران نے کہا کہ 6 ستمبر ہماری تاریخ کا سنہری دن ہے جو قومی یکجہتی، حب الوطنی اور قربانی کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور انہی کی بدولت آج ہم آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں۔ یوم دفاع کے موقع پر ریلی کا انعقاد حب اسسٹنٹ کمشنر سیف علی مغل کی قیادت میں 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے سلسلے میں ایک شاندار اور پرجوش ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں ڈسٹرکٹ چیئرمین جاوید جمالی، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب بابو رفیق، تحصیلدار حب مرتضیٰ، ریٹائرڈ/سمیت سول سوسائٹی کے نمائندوں، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے قومی پرچم تھامے نعرے لگائے اور افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا سنہری دن ہے جب افواج پاکستان نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر پوری قوم کو سرخرو کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ وطن عزیز کے دفاع اور سلامتی کے لیے ہمیشہ متحد اور تیار رہیں گے۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستان کی بقاء، سلامتی اور خوشحالی کے لیے دعائیں بھی کیں۔ ملک بھر کی طرح گڈانی میں بھی یوم دفاع پاکستان بھرپور انداز میں منایا گیا۔ اس موقع پر بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول گڈانی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ نے کی۔ تقریب میں ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول عابد شیخ، سول سوسائٹی کے نمائندوں، علاقائی معززین، بلدیاتی نمائندوں، سرکاری افسران اور بڑی تعداد میں طلبہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر طلبہ نے یوم دفاع کے حوالے سے تقاریر اور ملی نغمے پیش کیے۔ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو چیئرمین گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ نے نقد انعامات بھی دیے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ

6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک ایسا دن ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ یہ وہ دن ہے جب دشمن نے پاکستان پر حملہ کیا مگر ہماری بہادر افواج اور پوری قوم نے یکجہتی اور قربانی کے جذبے سے دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع صرف فوجی کامیابیوں کا دن نہیں بلکہ پوری قوم کے اتحاد اور عزم کا دن ہے۔ ہمارے شہداء ہمارے قومی ہیرو ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن عزیز کو ہمیشہ کے لیے محفوظ بنا دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے طلبہ پاکستان کا مستقبل ہیں اور انہی کو تعلیم، محنت اور کردار کے ذریعے اس وطن کو مزید مضبوط اور ترقی یافتہ بنانا ہے۔ دفاع صرف سرحدوں کی حفاظت کا نام نہیں بلکہ تعلیم، ہنر اور اخلاص سے بھی ملک کا دفاع کیا جا سکتا ہے۔ چیئرمین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی حفاظت اور ترقی کے لیے ہم سب کو ایک قوم بن کر کام کرنا ہوگا۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارا گھر ہے اور اس کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بعد ازاں گڈانی ہائی اسکول سے ایک ریلی بھی نکالی گئی، جس میں شرکاء پاکستانی پرچم اور بینرز اٹھائے بازار میں گشت کرتے رہے۔ اس دوران فضا "پاکستان زندہ باد" اور "پاک افواج زندہ باد" کے نعروں سے گونجتی رہی۔ ریلی کے اختتام پر شرکاء پرامن طور پر منتشر ہو گئے۔ اس موقع پر سینئر اسپیکر ڈاکٹر بلوچ، اللہ داد بلوچ، شاہد کلانچی، نیاز ساجدی سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے۔ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کے زیر اہتمام تعلیم کی اہمیت اور طلباء کے روشن مستقبل اور 6 ستمبر یوم دفاع کے موضوع پر پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت کالج ہذا کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر جاوید احمد بلوچ نے کی۔ ڈائریکٹر کالجز بلوچستان پروفیسر محمد حسین بلوچ مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں پروفیسر نذیر احمد، پروفیسر اکبر لہڑی، بلوچ سمیت کالج کے تمام لیکچرارز، اسٹاف بالخصوص کلاس فرسٹ ایئر کے طلباء نے بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ طلباء نے تعلیم کی اہمیت اور فروغ سے متعلق دل کھول کر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ پروگرام میں نظم اور کوئز بھی پیش کیا گیا۔ ملک بھر کی طرح سوئی میں بھی یوم دفاع ملی جوش و جذبے سے منایا گیا۔ سوئی رائفلز کی جانب سے گوٹھ عرض محمد بگٹی میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ سوئی رائفلز کرنل عثمان اسلم ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل محسن شیخ کے علاوہ قبائلی عمائدین سول سوسائٹی اور طلباء کی بڑی تعداد نے تقریب میں شرکت کی۔ طلباء نے تقریب میں یوم دفاع کے مناسبت سے تقاریر کی اور ٹیبلوز پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی جبکہ لوک گلوکاروں نے قومی ترانے اور طلباء نے بلوچی چھاپ پیش کیا۔ یوم دفاع کے موقع پر ایف سی نارتھ بلوچستان اور ڈسٹرکٹ کونسل کوہلو کی مشترکہ کاوش سے شہر میں پہلی مرتبہ خواتین کے لیے باقاعدہ انتظارگاہ قائم کر دی گئی۔ افتتاحی تقریب میں کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل طارق اشرف، ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ اور چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل میر نثار احمد مری نے فیتہ کاٹ کر منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سرکاری افسران، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ افتتاح کے بعد شہری و سماجی حلقوں نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں سے آنے والی خواتین کو شہر میں محفوظ اور باوقار انداز میں انتظار کرنے کے لیے جگہ میسر آنا دیرینہ ضرورت تھی، جس کی تکمیل آج ہو گئی۔ ملک بھر میں 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان قومی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر شہداء کو خراج عقیدت اور غازیوں کو سلام پیش کرنے کے لیے مختلف تقریبات، سیمینارز اور یادگاری اجتماعات منعقد کیے جا رہے ہیں۔ اسکولوں، کالجوں اور سرکاری اداروں میں بھی خصوصی تقاریب ہو رہی ہیں جہاں طلبہ اور عوام کو پاکستان کی دفاعی تاریخ اور قربانیوں سے آگاہ کیا جا رہا ہے۔ یوم دفاع پاکستان ہر سال 6 ستمبر کو اس یاد میں منایا جاتا ہے جب 1965 کی جنگ میں افواج پاکستان نے ملک کا بہادری سے دفاع کیا۔ یوم دفاع پاکستان کے مناسبت سے ضلع کونسل ہال میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کی جانب سے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد لاسی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی سمیت تمام محکموں کے سربراہان، سیاسی سماجی رہنماؤں، قبیلی برادری، صحافی برادری، سکولوں کے طلباء و طالبات، اساتذہ کرام اور عوام کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب میں مختلف سکولوں کے طلباء و طالبات نے نعت، تقاریر، ٹیبلو اور نغمے پیش کیے اور اپنے ملک اور پاک فوج سے محبت کا اظہار کیا۔

# چینی بندرگاہ سے 21 جدید بسیں بلوچستان کیلئے روانہ ہوگئیں

## مذکورہ بسوں میں سے پانچ پنک بسیں صرف خواتین کیلئے مخصوص ہوں گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں خواتین کیلئے پہلی مخصوص بس سروس جلد شروع ہوگی، چین سے 21 جدید بسیں روانہ ہوگئیں۔ بلوچستان ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے مطابق چین کی ایک بندرگاہ سے کل 21 جدید بسیں روانہ کی گئی ہیں جن میں سے پانچ گلابی بسیں خواتین مسافروں کے لیے مخصوص ہیں جبکہ 16 سبز بسیں عام عوام کے لیے ہیں۔ یہ بسیں اس ماہ کے آخر تک صوبائی دارالحکومت پہنچنے کی توقع ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے سیکرٹری خان کاکڑ نے بلوچستان ہائی کورٹ کو بتایا کہ یہ سروس یونیورسٹی سے سریاب مل تک اہم راستوں پر چلے گی اور نئی بسوں کے اضافے کے ساتھ اسے کچلاک تک وسعت دی جائے گی۔ گوادر پرو کے مطابق یہ آغاز کوئٹہ کے رہائشیوں کے لیے سستی اور قابل اعتماد سفری سہولت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ گلابی بسیں خواتین کے لیے سفر کو محفوظ اور آسان بنانے کے

بقیہ نمبر 61 صفحہ 5 پر

لیے مخصوص کی گئی ہیں کیونکہ خواتین کو محدود اور اکثر غیر محفوظ سفری مواقع کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

# آثار قدیمہ کی حفاظت اور تشہیر ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، ڈی سی دکی

## آثار قدیمہ قومی ثقافتی ورثہ ہیں انہیں نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، نعیم خان

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان نے اسسٹنٹ کمشنر دکی ڈاکٹر عبدالسلام اور نائب تحصیلدار بلال احمد کے ہمراہ شارقلی شاغرگی اور تورہ ڈیری کے علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں چار سے پانچ ہزار سال پرانے قیمتی آثار قدیمہ موجود ہیں۔ یہ مقامات قدیم تہذیبوں اور انسانی تاریخ کا روشن باب ہیں جو نہ صرف دکی بلکہ پورے پاکستان اور دنیا کے لیے ایک قیمتی ورثہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ان آثار قدیمہ کو قومی ثقافتی ورثہ قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ کسی کو بھی ان

بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

مقامات کو نقصان پہنچانے یا مٹانے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حفاظت اور تشہیر ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے تاکہ آنے والی نسلیں بھی اپنی تاریخ اور تہذیب سے روشناس رہ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 08 SEP 2025 Page No. 17

## مظلوم عوام کو متحد اور ان کے آئینی حقوق کیلئے کوشاں ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

**لاپتہ افراد کی بازیابی، بدامنی، بے روزگاری اور وسائل کے ثمرات سے محرومی ہمارے بڑے مسائل ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی مظلوم عوام کو متحد اور ان کے آئینی، معاشی اور انسانی حقوق کیلئے کوشاں ہے۔ لاپتہ افراد کی بازیابی، بدامنی، بے روزگاری، [illegible] کے ثمرات سے محرومی ہمارے بڑے مسائل ہیں۔ جماعت اسلامی میں شامل ہونے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے جماعت اسلامی کوئٹہ کے زیر اہتمام [illegible] ٹاؤن میں [illegible] کی قیادت میں [illegible] افراد کی جماعت میں شمولیت کے موقع پر جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جلسے سے [illegible] نے بھی خطاب کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان وسائل سے مالا مال [illegible] مسلط کیے گئے ہیں جو عوام کی حمایت سے محروم ہیں۔ جماعت اسلامی بلوچستان اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہر محاذ پر جدوجہد کر رہی ہے۔ عوام اور نوجوانوں کی جماعت اسلامی میں شمولیت خوش آئند ہے۔ عوام اور نوجوانوں کے تعاون سے مسائل کے حل اور حقوق کے حصول کی راہ ہموار ہوگی۔ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر بلوچستان کے عوام سے زیادتیوں کے خلاف جدوجہد کریں گے۔

## آل پارٹیز کی کال پر آج صوبہ بھر میں پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہوگا

**سیاسی جماعتوں، تاجر برادری اور ٹرانسپورٹر تنظیموں کی جانب سے ہڑتال و پہیہ جام کی مکمل حمایت کا اعلان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل پارٹیز کی کال پر سریاب روڈ کے شاہوانی اسٹیڈیم میں جلسے کے بعد ہونے والے خودکش دھماکے کے خلاف آج صوبہ بھر میں پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن کیا جائے گا۔ صوبے کی سیاسی جماعتوں بلوچستان نیشنل پارٹی، [illegible] پارٹی، نیشنل پارٹی، [illegible] پاکستان تحریک انصاف اور مجلس وحدت المسلمین کی کال پر آج صوبہ بھر میں ہونے والے پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن کی تاجر برادری اور ٹرانسپورٹرز نے حمایت کا اعلان کیا ہے۔ آل پارٹیز کے مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ 2 ستمبر کو سردار عطاء اللہ مینگل کی چوتھی برسی کے موقع پر جلسے کے بعد خودکش حملے میں 17 سیاسی کارکن شہید اور 40 سے زائد زخمی ہوئے۔ [illegible] جمہوری سوچ اور قومی قیادت پر براہ راست حملہ قرار دیتے ہوئے شدید مذمت کی گئی ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ ہڑتال کے دوران شہری، مسافر، ٹرانسپورٹرز، سرکاری و نجی ملازمین، طلباء اور دکانداروں سمیت تمام مکاتب فکر سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس دوران سفر سے گریز کریں، تاجر اپنا کاروبار بند رکھ کر احتجاج میں شریک ہوں اور ٹرانسپورٹرز بھی ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔ دریں اثنا تاجر تنظیموں اور ٹرانسپورٹرز نے بھی ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔

## آج کا شٹر ڈاؤن و پہیہ جام منفی عزائم کے خلاف ریفرنڈم ہوگا، نیشنل پارٹی

**دو ستمبر کا دھماکہ بلوچستان کی سیاسی قیادت کو راستے سے ہٹانے کی منظم کوشش تھی، ترجمان کا بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی و بی این پی مینگل کا اجلاس، 8 ستمبر کو آل پارٹیز کی کال پر شٹر ڈاؤن و پہیہ جام سیاسی جمہوری عمل کی کامیابی اور مذموم عزائم کے خلاف ریفرنڈم ہوگا۔ [illegible] اجلاس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو نے [illegible] شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو نے کہا کہ بلوچستان کی سیاسی و جمہوری تحریکوں کے خلاف روز اول سے سازشوں کا سہارا لیا گیا۔ 2 ستمبر کو قومی تحریک کے اہم رہنما سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کے بعد ہونے والا دھماکہ بلوچستان کی سیاسی قیادت کو راستے سے ہٹانے کی منظم کوشش تھی۔ یہ واقعہ 8 اگست 2016 کے سانحے کا [illegible] وکلاء کو نشانہ بنا کر بلوچستان کی اجتماعی دانش کو چھینا گیا تھا۔ 2 ستمبر کے واقعے میں بھی بلوچستان کی اجتماعی شعور اور سیاسی قیادت کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی۔ اس طرح کے اقدامات [illegible] سیاسی جماعتیں اپنی جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ قربانیوں سے عبارت ہے، یہاں کے عوام اپنی قیادت، قومی تحریک اور جمہوری حقوق کے دفاع کے لیے [illegible] طاقت کے ذریعے بلوچ عوام کی آواز دبانے کی کوشش ناکام ہوں گی۔

## کارکن آج کے شٹر ڈاؤن و پہیہ جام کو کامیاب بنائیں، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

**پشتون و بلوچ عوام اپنے قومی حقوق کے حصول کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے آج بی این پی کی جانب سے شٹر ڈاؤن و پہیہ جام ہڑتال کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے پشتونخوا نیپ کے کارکنوں کو تاکید کی ہے کہ وہ ہڑتال کو کامیاب بنانے میں مدد کریں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 2 ستمبر کو سریاب میں بی این پی کے جلسہ عام میں ہونے والے خودکش حملے کی پشتونخوا نیپ نے شدید مذمت کی ہے۔ پارٹی کے ایک وفد نے [illegible] زخمیوں کی عیادت کی اور پارٹی رہنماؤں نے سردار اختر جان مینگل سے ان کی رہائشگاہ پر جا کر اظہار یکجہتی کیا اور کہا کہ محکوم و مظلوم اقوام و عوام کا جینا پہلے ہی حرام ہے۔ سیاسی کارکنوں اور تحریر و تقریر پر بھی تشدد کے ذریعے پابندی لگائی جا رہی ہے تاکہ عوام کو خوف زدہ و ہراساں کر کے انہیں سیاسی جدوجہد سے دستبردار کرایا جائے مگر پشتون و بلوچ عوام اپنے قومی حقوق کے حصول کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

## پشتونخوا میپ کا اجلاس، آج کی ہڑتال کامیاب بنانے کی حکمت عملی طے

**تمام مکاتب فکر کے عوام پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے میں اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کریں**

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا توسیعی اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی صدارت میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں 8 ستمبر کے پہیہ جام و شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لئے حکمت عملی طے کی گئی اور مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ اجلاس میں تمام مکاتب فکر کے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل اور دیگر سیاسی قائدین کے پریس کانفرنس کے ذریعے اعلان کردہ پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے میں اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کریں۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی ایڈیشنل مالیات سیکرٹری آغا سید لیاقت علی، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، دیگر صوبائی اور ضلع ایگزیکٹوز کے اراکین نے شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 08 SEP 2025 Page No. 18


# حکومت صوبے کے مسائل سیاسی جماعتوں کیساتھ ملکر حل کرے، جمعیت نظریاتی

صوبے کے ساحل ووسائل پر یہاں کے عوام کو اختیارات دیے جائیں تا کہ وہ ان سے استفادہ حاصل کر سکیں، مولانا عبدالقادر لونی

نادیدہ قوتیں بلوچستان کی معاشی ترقی دیکھنا نہیں چاہتیں وہ مسلسل ترقیاتی منصوبوں میں رخنہ ڈالنے کی سازشیں کر رہی ہیں، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنونیئر مفتی شفیع الدین، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی مالیات سیکرٹری حاجی حیات اللہ کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام جماعتوں کو اعتماد میں لینے اور مقامی اقوام کی زمینوں کی الاٹمنٹس کو منسوخ کیا جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سلگتے مسائل پر حکومت صوبے کی تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لے کر مذاکرات کی میز پر حل کرے طاقت کا استعمال مسائل کا حل نہیں اس سے

صوبہ مزید آگ کی لپیٹ میں آئے گا آج تک طاقت کے استعمال سے مسائل کبھی حل نہیں ہوئے بلکہ ان میں مزید اضافہ ہوا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے ساحل ووسائل پر یہاں کے عوام کو اختیارات سونپے جائیں تا کہ وہ اپنے وسائل ،افرادی قوت سے استفادہ حاصل کر سکیں نادیدہ قوتیں بلوچستان کی معاشی اور اقتصادی ترقی دیکھنا نہیں چاہتیں اور ترقیاتی منصوبوں میں رخنہ ڈالنے کی سازشیں کر رہی ہیں انہوں نے کہا کہ وفاق نے بھی بلوچستان کو لاوارث سمجھا ہے آج بھی وفاق کے تمام ترقیاتی منصوبے پنجاب تک محدود ہیں بلکہ بلوچستان کے ساحل ووسائل اور معدنیات کا فائدہ وفاق نے بلوچستان کے بجائے دوسرے صوبوں کو دیا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 08 SEP 2025 Page No. 18


## ہزارہ ٹاؤن میں خاتون کے قتل کا ڈراپ سین، مقتولہ کی کزن اور اسکا شوہر قاتل نکلے

**کزن نے زیورات اس کے بھائی کو [illegible] اصل ملزمان کا سراغ لگایا**

کوئٹہ (نسیم حمید یوسف زئی) ہزارہ ٹاؤن میں چھ روز قبل خاتون کے قتل کا ڈراپ سین۔ قاتل مقتولہ کی کزن اور اسکا شوہر نکلے سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ نے میاں بیوی سمیت چار ملزمان کو گرفتار کر کے 60 لاکھ سے زائد مالیت کے زیورات اور دو موبائل فونز برآمد کرلیے جبکہ ملزمان کے اعتراف کے بعد مقدمے میں گرفتار نوکر اور اسکے بھائی کو رہا کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب بی ایم سی ہسپتال میں ہزارہ ٹاؤن سے ایک خاتون بی بی گلفریبہ زوجہ رسول آغا کی لاش لائی گئی جسے کسی تیز دھار آلے سے قتل کیا گیا تھا۔ مقتولہ کی بہن درخواست پر بی بی زوجہ حمید اللہ نے بروری تھانے میں قتل کا مقدمہ درج کراتے ہوئے نوکر رمضان اور اسکے بھائی عطا اللہ ولد غلام محمد کو نامزد کیا تھا۔ گرفتار بھائیوں نے دوران تفتیش قتل سے لاعلمی کا اظہار کیا جس پر ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ ملک اصغر خان کی ہدایت پر انویسٹی گیشن ٹیم نے سی سی ٹی وی کیمروں اور فون ریکارڈز سے اصل قاتلوں کا سراغ لگایا اور گزشتہ روز ہزارہ ٹاؤن میں کارروائی کرتے ہوئے مقتولہ کی کزن رقیہ بی بی اور اس کے شوہر اصغر علی عرف احسان اس کی نند طاہرہ بی بی اور اصغر علی کے دوست عباس کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے بتایا کہ دوران تفتیش ملزمہ رقیہ بی بی نے بتایا کہ میرا شوہر قرض دار تھا اس حوالے سے میں نے بی بی گلفریبہ سے کہا کہ تم اپنے زیورات مجھے دیدو تاکہ ہم اسے گروی رکھ کر قرض اتار سکیں مگر اس نے انکار کر دیا۔ کئی بار اس سے بات کی مگر وہ نہ مانی۔ اس رات میں اپنے شوہر اصغر علی عرف احسان اور اپنی نند کے ہمراہ بی بی گلفریبہ کے گھر گئی اور زیورات کا کہا اس کے انکار کرنے پر میرے شوہر نے پسٹل کا بٹ مار کر قتل کر دیا اور گھر سے زیورات کے علاوہ دو موبائل فونز لے کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ ملزمان کی نشاندہی پر 60 لاکھ سے زائد مالیت کے زیورات اور دو موبائل فونز برآمد کر لیے گئے ہیں جبکہ ملزمان کی جانب سے قتل کے اعتراف کے بعد نوکر رمضان اور اسکے بھائی عطاللہ کو 169 کی کارروائی کے بعد مقدمے سے خارج کرتے ہوئے رہا کر دیا۔

## نوشکی: تین ماہ پرانے قتل کا معمہ حل، بیٹا اور دوست قاتل نکلا

**پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزمان کا سراغ لگایا، ملزمان نے قتل کا اعتراف کرلیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نوشکی میں تین ماہ قبل ہونے والے قتل کا معمہ حل قاتل بیٹا اور دوست نکلا پولیس نے گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق نوشکی کے علاقے غریب آباد کے رہائشی حاجی کریم شاہ کو جون میں فجر کی نماز کے لیے مسجد جاتے ہوئے نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے قتل کر دیا تھا ایس پی نوشکی اشفاق ہاشم کی سربراہی میں نوشکی پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے تین ماہ میں اندھے قتل کا معمہ حل کرتے ہوئے ملزمان کا سراغ لگاتے ہوئے مقتول کے بیٹے جہانزیب اور اس کے دوست علی حسن ولد محمد حسن کو گرفتار کر لیا دوران تفتیش ملزمان نے قتل کا اعتراف کرتے ہوئے بتایا کہ قتل گھریلو رنجش کے باعث کیا پولیس ملزمان سے مزید تفتیش کر رہی ہے۔

## دالبندین کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

دالبندین (این این آئی) دالبندین کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ زخمی ہونے والے شخص کی شناخت سمیع اللہ ولد حاجی موسیٰ خان سکنہ نوشکی سے ہوئی ہے۔ ریسکیو حکام نے زخمی کو شیخ فہد ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔

## کوئٹہ: لین دین کے تنازع پر فائرنگ، ثالث جاں بحق، چھ افراد زخمی

**فائرنگ کے باعث علاقے میں بھگدڑ مچ گئی، پولیس نے موقع پر پہنچ کر تصادم کو بڑھنے سے روکا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سرکی روڈ پرانی سبزی منڈی میں لین دین کے تنازع پر فائرنگ ثالث جاں بحق جبکہ چھ افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق سرکی روڈ لی کراس کے قریب پرانی سبزی منڈی میں گزشتہ روز عبدالہادی لین دین کے تنازع کا تصفیہ کرا رہا تھا کہ فریقین نے ایک دوسرے پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ثالث عبدالہادی موقع پر ہی جاں بحق جبکہ چھ افراد شدید زخمی ہو گئے فائرنگ کے باعث علاقے میں بھگدڑ مچ گئی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر تصادم کو بڑھنے سے روک کر لاش اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی جبکہ انڈسٹریل پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل کر دیا۔

## تربت کے علاقے سنگانی سر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

**دو موٹر سائیکلوں پر چار حملہ آور آئے، بیٹھک میں بیٹھے افراد کو گولیاں ماریں، صحن میں کھڑی گاڑیوں کو آگ لگا دی**

تربت (نمائندہ جنگ) تربت کے علاقے سنگانی سر میں نامعلوم مسلح افراد نے منیر مہاری کی بیٹھک پر حملہ کر کے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں مصیب ولد حاجی حاصل اور مستی خان ولد منیر مہاری موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ حملہ آور دو

ہارن خراب ہے ٹھیک کر دو اور اس کے بعد میں کچھ اس طرح مطمئن ہو گیا جیسے میں نے اپنی کار کا ہارن نہیں موجودہ نظام کا ہارن ٹھیک کروانے کی ہدایت کر دی ہے۔

## دالبندین کے قریب دو ایل پی جی باؤزر پر فائرنگ، ٹائر پھٹ گئے

چاغی (آن لائن) دالبندین کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے دو ایل پی جی باؤزرز پر فائرنگ کر دی۔ یہ گاڑیاں افغانستان بارڈر سے کلیئرنس کے بعد کوئٹہ آ رہی تھیں۔ واقعہ دالبندین سے تقریباً 20 کلومیٹر کے فاصلے پر سہ پہر چار بجے کے قریب پیش آیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں گاڑیوں کے ٹائر برسٹ ہو گئے تاہم دونوں ڈرائیور محفوظ رہے۔ گاڑیوں میں ایل پی جی گیس لوڈ ہونے کے باعث کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا خدشہ موجود تھا۔ مقامی انتظامیہ اور سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں ریسکیو اور سیکیورٹی اقدامات شروع کر دیے ہیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA
Bullet No. 5
Dated: 08 SEP 2025 Page No. 20

## عوام کو ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح!

گذشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے اور ممکنہ بحران سے نمٹنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں فلور ملز ایسوسی ایشن کے نمائندوں، محکمہ خوراک وصنعت کے افسران، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، تمام سب ڈویژنز کے اسسٹنٹ کمشنرز اور مجسٹریٹس نے شرکت کی۔فلور ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور اس کے اسباب پر تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دیگر صوبوں سے آنے والے آٹے کی ترسیل میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہوگی اور اس مسئلے کو حکومت بلوچستان کے ساتھ مل کر حل کیا جائے گا۔ڈپٹی کمشنر نے تمام انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بلاامتیاز بھرپور کاروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے واضح کی کہ کسی بھی قسم کی ذخیرہ اندوزی کی اجازت نہیں دی جائے گی اور عوامی مفاد پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے اور ممکنہ بحران سے نمٹنے کے حوالے سے ہونیوالا اجلاس وقت کی عین ضرورت ہے کیونکہ اس میں شہر میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا ہے جس کے باعث عوام کو بڑی مشکل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔شہر میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ مبینہ طور پر ذخیرہ اندوزوں اور منافع خور عناصر کی ملی بھگت سے نہ صرف ہوا ہے بلکہ مزید ہو رہا ہے جو کہ متعلقہ اداروں کے لیے ایک سوالیہ نشان ہے کہ شہر میں آٹا کیسے مہنگا ہو رہا ہے اس کی وجوہات جاننا ان کی ذمہ داری ہے۔آٹے کی قیمتوں میں اضافے اور اس کے اسباب پر فلور ملز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے جو ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں بریفنگ دی ہے ان سے عوام کو باخبر کرنا ضروری ہے تاکہ عوام کو بھی معلوم ہو جائے کہ ایسی حرکتیں کون لوگ کر رہے ہیں اور ان کے خلاف کاروائی کیوں نہیں ہوتی۔چونکہ گندم ملک کے دیگر صوبوں سے آتی ہے اس سلسلے میں صوبائی حکومت کو معاملات دیکھنے چاہئیں کہ اس میں کیا رکاوٹیں ہیں اس طرح ان رکاوٹوں کو فوری طور پر ختم کرنے کے اقدامات کرتے ہوئے آٹے کی قیمتوں میں مزید اضافے کو روکنے اور پرانی قیمتوں پر لانے کے اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ آٹا بنیادی استعمال کی اہم شے ہے جو ہر انسان چاہے وہ امیر ہو یا غریب سب کی ضرورت ہے۔اس لیے اس سے سوکھی روٹی کھانے کا اختیار بھی چھین لیا جائے تو یہ ایک بڑی ستم ظریفی ہے۔کیونکہ غریب آدمی دیگر مہنگی اشیاء کھانے سے قاصر ہوتا ہے اس لیے اس سے کم از کم سوکھی روٹی کھانے کا حق نہیں چھیننا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 08 SEP 2025 Page No. 21

# Focusing skill education

The Balochistan's youth, which constitutes a significant portion of the population, are struggling to find decent employment opportunities. Balochistan is a mineral rich province but regrettably there is no industry across the province excluding Hub district which is close to Karachi the largest city of the country. In the industries of Hub mostly the employees and workers are from Karachi. Luckily, China Pakistan Economic Corridor (CPEC) is also located in Balochistan despite that the unemployment rate is higher in the province and most of the people are linked with the agriculture sector to earn a livelihood. It is also a fact that rulers never focused on equipping youth with skill and technical education. Therefore, experts believe that imparting skill education to the youth of Balochistan can be a game-changer in controlling unemployment and unlocking the province's economic potential. Skill education equips individuals with practical skills and knowledge, making them employable and enabling them to contribute to the economy. In Balochistan, where traditional education has failed to yield desired results, skill education can provide an alternative path to employment and economic empowerment. By imparting skills like vocational training, technical education, and entrepreneurship, the province can prepare the youth for the demands of the modern job market particularly once the CPEC becomes functional and the industries develop in the province. Skill education makes individuals more attractive to potential employers, increasing their chances of getting hired. Young people can start their own businesses, creating employment opportunities for others and a skilled workforce can contribute to the economic development of the province, attracting investments and stimulating growth. To achieve this, the government, civil society, and private sector must collaborate to establish vocational training centers, technical institutes, and entrepreneurship programs. These initiatives should focus on areas like agriculture, mining, and tourism, which have the potential to create employment opportunities in the province. Imparting skill education to the youth of Balochistan is crucial for controlling unemployment and unlocking the province's economic potential. By empowering our youth with the right skills, we can create a brighter future for Balochistan and the entire country. It is hoped that the newly formed Balochistan government led by Mir Sarfaraz Bugti along with his cabinet must play an active role in providing opportunity to youth to get skilled and technical education and the technical institutions in the province would be made more vibrant to impart skilled education. Providing skill education to youth could be a best investment to bring prosperity in the province.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 08 SEP 2025 Page No. 22


## بلوچستان: سرداری نظام، مسائل کی اصل جڑ (حصہ اول)



[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 5

Dated: 08 SEP 2025 Page No 2-3

# ایف اے او FAO کی کوششیں اور بلوچستان کے مالداروں کا بدلتا شعور

**رپورٹ صدیق موسیانی، خضدار**

بلوچستان جہاں سنگلاخ پہاڑوں کے درمیان وفادار چرواہے، صدیوں پرانا مالداری نظام اور وسیع و عریض چراگاہیں موجود ہیں وہ خطہ ہے جو خاموشی سے پاکستان کے گوشت کی 60 فیصد سے زائد ضروریات پوری کر رہا ہے۔ یہ حقیقت حیران کن بھی ہے اور فخر کا باعث بھی، لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ یہی مالدار طبقہ آج تک اس حقیقت سے مکمل طور پر لاعلم اور بےخبر ہیں۔ FAO (فوڈ اینڈ ایگری کلچر آرگنائزیشن) نے اس خاموش اور محنتی طبقے کی اہمیت کو پہچانا۔ "GRASP" پروگرام کے تحت FAO نے لسبیلہ، خضدار، اور دیگر اضلاع کے مالداروں کو کراچی، حیدرآباد اور اندرون سندھ کے تجارتی مراکز، ویٹرنری اداروں اور جدید مال منڈیوں کا دورہ کروایا تاکہ وہ جان سکیں کہ ان کی محنت کا دائرہ صرف مقامی منڈی نہیں، بلکہ پورے پاکستان کی خوراکی معیشت ہے۔ FAO کی جانب سے منعقد کردہ ورکشاپس، ٹریننگ سیشنز، مارکیٹ ایکسپوژر وزٹ اور مشاہداتی تربیت نے بلوچستان کے مالداروں کو وہ وژن دیا ہے، جس سے وہ نہ صرف اپنے جانوروں کی بہتر دیکھ بھال سیکھ رہے ہیں بلکہ مارکیٹ ڈیمانڈ، قیمتوں، حفظانِ صحت، ویلیو چین اور جدید کاروباری حکمت عملیوں سے بھی روشناس ہو رہے ہیں۔ FAO یعنی "فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن" اقوام متحدہ کا ایک بین الاقوامی ادارہ ہے، جو دنیا بھر میں زراعت، غذائی تحفظ، اور دیہی ترقی پر کام کرتا ہے۔ پاکستان میں بھی FAO گزشتہ کئی سالوں سے سرگرم ہے، خاص طور پر بلوچستان، سندھ، اور خیبر پختونخوا جیسے علاقوں میں جہاں زراعت اور مالداری بنیادی ذرائع معاش ہیں۔ FAO کا بنیادی ہدف مقامی کسانوں، مویشی پالنے والوں، اور چھوٹے کاروباری افراد کو پائیدار ترقی کی طرف راغب کرنا ہے۔ ادارہ مختلف پروگرامز کے ذریعے تربیت، جدید ٹیکنالوجی، بیج، کھاد، ویکسین، اور دیگر سہولیات فراہم کرتا ہے تاکہ مقامی پیداوار میں اضافہ ہو اور لوگوں کو معاشی طور پر مستحکم کیا جا سکے۔ FAO کی مدد سے نہ صرف زراعت کے شعبے میں بہتری آئی ہے بلکہ خواتین کو بھی بااختیار بنایا گیا ہے، تاکہ وہ بھی چھوٹے کاروبار کر کے اپنی زندگی بہتر بنا سکیں۔ یہ ادارہ ایک خاموش لیکن مؤثر انقلاب ہے جہاں غریب دیہاتی افراد کو روزگار اور خوشحالی کا راز معلوم ہو سکیں۔ اقوام متحدہ کا ذیلی ادارہ FAO (فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن) پاکستان میں زراعت، مالداری، خوراک کی سلامتی اور دیہی ترقی کے شعبوں میں کئی دہائیوں سے سرگرم عمل ہے۔ FAO کی کوششوں کا مقصد نہ صرف خوراک کی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے بلکہ چھوٹے کسانوں، خواتین اور کمزور طبقات کو معاشی طور پر بااختیار بنانا بھی ہے۔ ذیل میں FAO کی نمایاں کارکردگی کا خلاصہ پیش کیا جا رہا ہے۔ FAO نے آسٹریلوی حکومت کے تعاون سے بلوچستان کے تین پسماندہ اضلاع نوشکی، چاغی اور کوئٹہ میں سینکڑوں خواتین کو زرعی کاروبار اور کاروباری مہارتوں کی تربیت فراہم کی۔ اس پروگرام کے تحت خواتین کو بھیڑ بکری پالنے، اون کاتنے، رنگنے، قالین بنانے، مرغی پالنے، انڈے پیدا کرنے، اور بیج اگانے کی تربیت دی گئی۔ اس کے علاوہ، خوبانی خشک کرنے، گھی اور دودھ کی مصنوعات تیار کرنے کے طریقے بھی سکھائے گئے، جس سے ان کی آمدنی میں نمایاں اضافہ ہوا۔ 2022 کے تباہ کن سیلابوں کے بعد، FAO نے خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان اور پنجاب کے ضلع راجن پور میں متاثرہ کسانوں کی مدد کے لیے ایک منصوبہ شروع کیا۔ اس منصوبے کے تحت 14,000 بڑے اور 70,000 چھوٹے جانوروں کی ویکسینیشن کی گئی، 200 کم آمدنی والے خاندانوں کو ماڈل جانوروں کے شیڈز کی تعمیر میں مدد دی گئی، اور 2,000 مویشی پالنے والوں کو چارہ، خوراک، اور معدنی ضروریات فراہم کیے۔ FAO نے بلوچستان حکومت کے ساتھ مل کر Livelihood Lasbela-Gwadar (II-GLLSP) Project Support کا آغاز کیا، جس کا مقصد موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق زراعت اور مالداری کے نظام کو فروغ دینا ہے۔ اس منصوبے کے تحت کسانوں کو Farmer Schools Field کے ذریعے تربیت دی جاتی ہے، تاکہ وہ جدید زرعی طریقے سیکھ سکیں اور اپنی پیداوار میں اضافہ کر سکیں۔ FAO نے آسٹریلوی حکومت کے تعاون سے AusABBA پروگرام کے دو مراحل مکمل کیے، جن کے تحت بلوچستان کے چھ اضلاع میں 23,000 سے زائد خاندانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوا۔ اس پروگرام کے ذریعے کھجور، پیاز، انگور، زیرہ، انار، الائچی، [illegible]، بیج، مویشی پالنے، اور ان کی پیداوار جیسے 11 ویلیو چینز میں کاروبار قائم کیے گئے۔ پاکستان میں جانوروں کی بیماریوں کی نگرانی کے لیے FAO نے ایک نیا نظام متعارف کرایا ہے، جس کے تحت جانوروں کی بیماریوں کی بروقت تشخیص اور کنٹرول ممکن ہو سکے گا۔ اس منصوبے کے تحت وفاقی اور صوبائی سطح پر جانوروں کی بیماریوں کی رپورٹنگ کا نظام بہتر بنایا جا رہا ہے۔ FAO نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے 14 اضلاع میں باغبانی کی ترقی کے لیے THAZA منصوبہ شروع کیا، جس کا مقصد [illegible] ویلیو چینز کو مضبوط بنانا اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ اس منصوبے کے تحت 1,607 گرانٹس دی گئیں، جن میں سے 1,545 پیداوار کی سطح پر اور 62 اعلیٰ ویلیو گرانٹس تھیں۔ FAO نے جاپانی حکومت کے تعاون سے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں 35,000 خاندانوں کو مویشیوں کی خوراک، معدنی بلاکس، پولٹری، اور چھوٹے جانور فراہم کیے۔ اس کے علاوہ، 620,000 جانوروں کی ویکسینیشن کی گئی اور خواتین کی سربراہی والے خاندانوں کو خاص طور پر تربیت دی گئی تاکہ وہ اپنی آمدنی میں اضافہ کر سکیں۔ FAO کی پاکستان میں کارکردگی زراعت، مالداری، اور دیہی ترقی کے شعبوں میں نمایاں ہے۔ اس کے منصوبے نہ صرف خوراک کی پیداوار میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ کمزور طبقات کو معاشی طور پر بااختیار بناتے ہیں۔ FAO کی کوششیں پاکستان کے دیہی علاقوں میں خوشحالی اور خودکفالت کی جانب ایک مثبت قدم ہیں۔ اگر پاکستان میں مقامی نمائندے، سیاسی رہنما، اور انتظامیہ FAO جیسے اداروں کے منصوبوں میں سنجیدہ تعاون کریں تو نہ صرف مالدار طبقہ (farmers Livestock) بلکہ "زمیندار اور چھوٹے کسان" بھی خودکفالت کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔ مقامی نمائندوں کے ذریعے FAO کی رسائی کو زیادہ سے زیادہ کسانوں تک پہنچایا جا سکتا ہے، تاکہ وہ جدید مالداری، لینڈ مینجمنٹ، اور افزائش نسل سے فائدہ اٹھا سکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated 08 SEP 2025 Page No. 25



# Promoting Literacy in the Digital Era

# تعلیم اور ہنر سے روشن ہوگا ہر بچے کا کل













میر سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ بلوچستان

گورنر بلوچستان

## بلوچستان کا روشن مستقبل: ناخواندگی کے خاتمے کی نئی حکمتِ عملی

رپورٹ: حمود احمد گسی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت محکمہ سماجی بہبود، خواندگی و غیر رسمی تعلیم حکومت بلوچستان نے صوبے میں شرح خواندگی بڑھانے، ناخواندہ بچوں اور بالغ افراد کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے اور ہنرمند معاشرہ تشکیل دینے کے لیے غیر رسمی تعلیم (Non-Formal Education) کی پالیسی 2016-2030 کا اعلان کیا ہے۔ یہ پالیسی آئین پاکستان کے آرٹیکل 25-اے اور 37(ب) کے تحت بنیادی حق تعلیم کے عزم کو عملی

اداروں، نجی شعبے، سول سوسائٹی کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے غیر رسمی تعلیم کے نظام کو مزید مضبوط شامل ہیں۔ اس پالیسی کے تحت ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی و نان فارمل ایجوکیشن کی تنظیم نو، عملے کی تربیت، تعلیمی پروگرام کی جانچ پڑتال، جدید مانیٹرنگ سسٹم EMIS-NF کے تحت ڈیٹا بیس کی تیاری، سماجی تحفظ کے پروگرام جیسے بینظیر انکم سپورٹ اور بیت المال کے ساتھ ربط، غیر رسمی تعلیم پر مجموعی تعلیمی بجٹ کا کم از کم تین فیصد خرچ کرنا، اساتذہ کی بھرتی و



LAUNCHING OF ZERO OUT OF SCHOOL CHILDREN CAMPAIGN AND CELEBERATION OF INTERNATIONAL LITERACY WEEK

CHIEF MINISTER BALOCHISTAN, MIR SAFRAZ BUGTI GIVING BAGS TO THE CHILDREN ON THE LAUNCHING EVENT OF ZERO OUT OF SCHOOL CHILDREN CAMPAIGN AND INTERNATIONAL LITERACY WEEK CELEBERATION AT QUETTA, BALOCHISTAN

میں تعلیم چھوڑ گئے۔ دوسرا Adult Literacy



Programme ہے جو چھ ماہ میں بالغ افراد کو خواندگی، حساب اور زندگی کے بنیادی ہنر سکھاتا ہے اور کامیاب طلبہ باقاعدہ تعلیمی نظام میں چوتھی جماعت تک داخلہ لے سکتے ہیں۔ اس پالیسی کے نتیجے میں صوبے کی شرح خواندگی میں 20 فیصد اضافہ ہوگا، آئندہ پانچ برسوں میں ڈھائی لاکھ سے طلبہ کو داخلہ ملے گا، بی ایک اور دیگر معاشی منصوبوں کے لیے افرادی قوت تیار ہوگی اور صنفی مساوات، صحت، ماحول اور امن کے اہداف میں پیش رفت ہوگی۔ اب تک بلوچستان میں 29 لاکھ ناخواندہ بچوں کو آئندہ پانچ سالوں میں تعلیم کے دائرے میں لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس وقت



تک پانچ ہزار سے زائد بچوں کو باضابطہ تعلیمی نظام میں شامل کیا جا چکا ہے۔ ورلڈ بینک کے تعاون سے مزید 1,636 بچوں کو خواندگی مراکز میں داخل کیا گیا ہے۔ محکمہ خواندگی و غیر رسمی تعلیم بلوچستان اور غیر سرکاری اداروں نے صوبے بھر میں 1370 غیر رسمی تعلیمی مراکز کھول رکھے ہیں۔ جہاں

اس وقت 60000 طلبہ و طالبات زیر تعلیم ہیں۔ ان حاشیہ طلبہ کے لیے بریننگ کے لیے ٹیچرز تعینات کیے ہوئے ہیں۔ ان مراکز میں آنے والے ہر طالب علم کو کتب سمیت تمام سامان مفت فراہم کیا جاتا ہے۔ محکمہ خواندگی و غیر رسمی تعلیم بلوچستان نے JICA کے تعاون سے محکمہ تعلیم کے ماہرین کی نگرانی میں نہ صرف نصاب تیار کیا بلکہ نصابی کتب بھی تیار کر لی ہیں۔ PSDP کے تحت مڈل ٹیک پروگرام کے

ذریعے بچوں کو ہنرمند بنانے کا منصوبہ جاری ہے جبکہ صوبے کے 22 اضلاع میں ٹیسٹ اور انٹرویو منعقد ہو چکے ہیں۔ یہ پالیسی نہ صرف ناخواندگی کے خاتمے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگی بلکہ نوجوانوں اور بالغوں کو ہنرمند بنا کر صوبے کی معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گی اور بلوچستان کو ایک خوشحال، روادار اور تعلیم یافتہ خطہ بنانے کی راہ ہموار کرے گی۔



تربیت اور طلبہ کے لیے کیریئر کونسلنگ کے اقدامات کیے جائیں گے۔ غیر رسمی تعلیم کے دو بڑے پروگرام ہیں: Accelerated Learning Programme (ALP) جو پرائمری تعلیم کے مساوی ہے اور 30 سے 32 ماہ میں مکمل کیا جا سکتا ہے۔ اس میں پانچ سے سولہ سال تک کے وہ بچے شامل ہیں جو کبھی اسکول نہیں گئے یا درمیان

مقصود ہوتی ہے۔ غیر رسمی تعلیم کا مقصد ان ناخواندہ بچوں اور بالغوں کو تعلیمی مواقع فراہم کرنا ہے جو رسمی نظام تعلیم سے باہر ہیں۔ اس میں بالغ افراد کے لیے خواندگی، فنی اور روزگار سے متعلق ہنر اور بچوں کے لیے بنیادی تعلیم شامل ہے۔ یہ پروگرام مختصر مدت میں مکمل کیے جا سکتے ہیں اور کامیاب طلبہ باضابطہ تعلیمی نظام میں دوبارہ داخل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان میں یہ نظام قیام پاکستان سے موجود ہے، 1970 کے بعد اس پر خاص توجہ دی گئی اور اسکولوں، فیکٹریوں، کھیتوں اور دیہی علاقوں میں خواندگی مراکز قائم کیے گئے جبکہ میڈیا کو بھی تعلیم کے فروغ کے لیے استعمال کیا گیا۔ بلوچستان کی اس تعلیمی پالیسی کا بنیادی ہدف ایک ایسا تعلیمی ماحول قائم کرنا ہے جو زندگی بھر سیکھنے کے مواقع فراہم کرے اور صوبے کو خوشحال اور روادار معاشرہ بنانے میں معاون ثابت ہو۔ اس کے اہم مقاصد میں شرح خواندگی کو 44 فیصد سے بڑھا کر 64 فیصد تک لے جانا، بالغ افراد کو خواندگی کے ساتھ آمدنی بڑھانے والے ہنر اور فنی تربیت دینا، صوبے میں اسکول سے باہر بچوں کی تعداد صرف پانچ فیصد تک محدود کرنا، پائیدار ترقی کے اہداف میں کردار ادا کرنا اور سرکاری



## 8 ستمبر عالمی یوم خواندگی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر قیادت

بلوچستان میں نان فارمل ایجوکیشن پالیسی کا اجراء

ناخواندگی کے خاتمے کی نئی امید



صوبہ بھر میں ناخواندگی کے خاتمے کے لیے اہم اقدامات

ہمارا عزم... پڑھے گا بلوچستان تو بڑھے گا بلوچستان